
# پراسپکٹس




## گورنمنٹ اسلامیہ گریجوایٹ کالج فیصل آباد

# پراسپیکٹس

## انٹرمیڈیٹ و بی ایس چار سالہ کلاسز

## تعلیمی سیشن 2023-24

## گورنمنٹ اسلامیہ گریجوایٹ کالج سرگودھا روڈ فیصل آباد

# فہرست عنوانات


| عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| ☆پرنسپل کا پیغام | |
| ☆گورنمنٹ اسلامیہ گریجوایٹ کالج۔۔۔تاریخ کے آئینے میں | |
| ☆وژن۔عزم اور مقاصد | |
| ☆ کالج کونسل | |
| ☆کالج انتظامیہ | |
| ☆ٹیچنگ سٹاف۔نان ٹیچنگ سٹاف | |
| **☆ انٹرمیڈیٹ تدریسی پروگرام** | |
| ☆پری میڈیکل | |
| ☆پری انجینئرنگ | |
| ☆آئی کام | |
| ☆آرٹس | |
| ☆آئی سی ایس | |

| عنوان | صفحہ نمبر |
| --- | --- |
| **☆بی ایس (چارسالہ پروگرام)** | |
| ☆فزکس | |
| ☆کیمسٹری (مارننگ+ایوننگ) | |
| ☆زوآلوجی (مارننگ+ایوننگ) | |
| ☆باٹنی | |
| ☆ریاضی (مارننگ+ایوننگ) | |
| ☆کمپیوٹر سائنس (مارننگ+ایوننگ) | |
| ☆انگلش لٹریچر (مارننگ+ایوننگ) | |
| ☆اسلامیات | |
| ☆اکنامکس | |
| ☆شماریات | |
| ☆بی بی اے | |
| ☆داخلہ کا طریقہ کار | |
| ☆ کالج کے قواعد وضوابط | |
| ☆ سہولیات | |
| ☆ کالج یونیفارم اور ڈریس کوڈ | |
| ☆سپورٹس اور ہم نصابی سرگرمیاں | |
| ☆فیس انٹرمیڈیٹ کلاسز | |
| ☆فیس بی ایس کلاسز | |

# پرنسپل کا پیغام

اعلیٰ معیار کی تعلیم وتربیت کسی بھی قوم کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے۔تعلیم کے بغیر دنیا میں اعلیٰ مقام حاصل کرنا ممکن نہیں۔تعلیم کی اہمیت ہر دور میں مسلم ہے لیکن دور جدید میں درپیش مسائل سے نبرد آزما ہونے کے لئے جدید اور معیاری تعلیم کی ضرورت مزید بڑھ جاتی ہے۔قومی ترقی کے اہداف کو حاصل کرنے کے لئے تعلیمی اداروں کی بہترین کارکردگی کلیدی کردار ادا کرسکتی ہے۔

الحمدللہ! گورنمنٹ اسلامیہ گریجوایٹ کالج سرگودھا روڈ فیصل آباد کا انتخاب طلباء وطالبات کے لئے مشعل راہ کا کام کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔بہترین تعلیمی معیار اور نظم وضبط کی بلندیوں کی طرف گامزن یہ کالج اپنے انفراسٹرکچر اور پرعزم فیکلٹی ممبران کی صلاحیتوں کی وجہ سے فیصل آباد کا ایک بہترین ادارہ بن چکا ہے گذشتہ سات سالوں میں کئی شعبہ جات میں شروع کئے گئے بی ایس چار سالہ پروگرام نہ صرف کامیابی سے جاری ہیں بلکہ بی ایس میں طلباء وطالبات کا داخلے کا رجحان بڑھ رہا ہے۔اس وقت کالج میں سٹوڈنٹس کی تعداد ساڑھے چار ہزار کے لگ بھگ ہے۔جس میں بتدریج اضافہ ہو رہا ہے۔انٹرمیڈیٹ لیول پر ایف ایس سی پری میڈیکل و پری انجینئرنگ اور آئی سی ایس میں بہترین اور محنتی ٹیچنگ سٹاف کی بدولت داخلوں میں تیزی سے اضافہ والدین کا کالج انتظامیہ پر اعتماد کا واضح اظہار ہے۔جبکہ بی ایس لیول پر پی ایچ ڈی اور ایم فل تعلیمی قابلیت کے حامل اساتذہ کرام اور کالج کے بہترین ڈسپلن کی وجہ سے طلباء وطالبات کا کالج ہذا میں داخلوں کا رجحان بڑھا ہے۔کالج انتظامیہ طلباء وطالبات کی بہترین کردار سازی، نظم وضبط اور معیاری تعلیم کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے اور حکومت پنجاب کے تعلیمی ویژن کو عملی جامہ پہنانے کے لئے اپنی کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔میں کالج میں نئے آنے والے تمام طلباء وطالبات اور ان کے والدین کو یقین دلاتا ہوں کہ کالج ہذا میں معیاری اور پرامن تعلیمی ماحول کو مزید بہتر بنانے کے لئے ہر ممکن کوشش جاری رہے گی۔ طلباء وطالبات اس کالج میں داخلہ لے کر فخر محسوس کرتے ہیں۔یقینی طور پر گذشتہ سات سالوں سے کالج کا ڈسپلن اور تعلیمی ماحول مثالی بن چکا ہے۔

اللہ ہمارا حامی وناصر ہو اور ہمیں ہمارے اس مقصد میں کامیاب فرمائے!

(آمین)

**پروفیسر ایوب حسن**

**پرنسپل**

**گورنمنٹ اسلامیہ گریجوایٹ کالج**

**سرگودھا روڈ فیصل آباد**

# گورنمنٹ اسلامیہ گریجوایٹ کالج فیصل آباد ایک نظر میں

گورنمنٹ اسلامیہ گریجوایٹ کالج فیصل آباد کی پہچان ایک بہترین تعلیمی ادارے کی ہے۔ یہ شاندار علمی روایات کا ایک عظیم شاہکار ہے جس کی یاد مختلف شعبہ ہائے زندگی میں اہم مقامات پر پہنچنے والے سابقہ طلباء کے دلوں میں موجود ہے۔ یکم ستمبر 1951ء کو انجمن اسلامیہ لائل پور نے اسلامیہ کالج کی انٹرمیڈیٹ کی کلاسز کا آغاز سٹی مسلم ہائی سکول لائل پور کی عمارت میں کیا۔ 1954ء میں کالج کو ڈگری سطح تک اپ گریڈ کر دیا گیا اور 140 کینال کے موجودہ وسیع وعریض کیمپس واقع سرگودھا روڈ میں منتقل کر دیا گیا۔ یکم ستمبر 1972ء کو دیگر اداروں کی طرح حکومت نے اس کو بھی اپنی تحویل میں لے لیا۔ یکم ستمبر 1977ء کو لائل پور شہر کا نام تبدیل ہو کر فیصل آباد ہو گیا اور اس کالج کو گورنمنٹ اسلامیہ کالج فیصل آباد کا نام دیا گیا۔ اپنے آغاز سے ہی کالج نے ترقی کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے مختلف منازل طے کیں۔

1968ء میں کالج کی وسیع عمارت میں سائنس بلاک کا اضافہ ہوا جو کہ چار لیکچر تھیٹرز کے علاوہ بیالوجی، کیمسٹری، فزکس اور زووالوجی کی لیبارٹریوں پر مشتمل تھا۔ 1974ء میں بی ایس سی کلاسز کیلئے نئے بلاک کی تعمیر ہوئی اور 21 مارچ 1987ء کو کالج لائبریری کیلئے نئی عمارت کا افتتاح ہوا۔ یہ لائبریری چونتیس ہزار سے زائد کتب پر مشتمل ہے جن میں ہر سال اضافہ کیا جا رہا ہے۔ کالج کی عظیم الشان مسجد بھی ہے جو کہ شہر کی خوبصورت مساجد میں شمار ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ کالج میں فٹ بال، ہاکی اور کرکٹ کے گراؤنڈ، اتھلیٹکس ٹریک اور باسکٹ بال کے کورٹس بھی ہیں۔ 2011ء میں رانا محمد افضل سابقہ ایم پی اے نے کامرس بلاک کی تعمیر کے لئے خصوصی گرانٹ جاری کروائی۔ بعد ازاں انہوں نے بحیثیت ایم این اے کالج کی تعمیر و ترقی میں خصوصی دلچسپی لیتے ہوئے سولہ کلاس رومز، چار لیبارٹریز برائے زوآلوجی، کیمسٹری، کمپیوٹر سائنس اور فزکس پر مشتمل نئے سائنس بلاک کی تعمیر کے علاوہ تقریباً چار سو طلبہ کے بیٹھنے کیلئے ملٹی پرپز ہال/آڈیٹوریم بنوایا۔ جناب شکیل شاہد ایم پی اے PP-111 کی خصوصی کاوش سے 6 نئے کلاس رومز کی تعمیر کے لئے 250 ملین روپے کی گرانٹ حکومت پنجاب نے منظور کی ہے اور 6 نئے کلاس رومز پر مشتمل ایک نیا بلاک تقریباً مکمل ہو چکا ہے۔ جس سے مزید 600 سٹوڈنٹس کے لئے تعلیمی سہولت میسر ہو گی۔ 2013ء میں ہائر ایجوکیشن کمیشن نے کالج کو X کیٹگری کا درجہ دیا جو کہ دوسرا بہترین درجہ ہے۔ اکیڈمک سیشن 15-2014 میں بی ایس چار سالہ ڈگری پروگرام کے تحت انگلش، اکنامکس، اسلامیات، فزکس اور زوآلوجی میں داخلوں کا اجراء ہوا۔ تعلیمی سیشن 16-2015 سے بی بی اے بزنس ایڈمنسٹریشن، کامرس، کیمسٹری، کمپیوٹر سائنس اور ریاضی کے شعبہ جات میں بھی بی ایس چار سالہ ڈگری پروگرام کے تحت کلاسز کا آغاز کیا گیا۔ 2021ء میں بی ایس باٹنی کی کلاسز کا بھی آغاز کیا گیا یہ ادارہ اعلیٰ تعلیم یافتہ اور تجربہ کار اساتذہ، آئیڈیل تعلیمی ماحول، بہترین ڈسپلن، خوبصورت عمارت اور دیگر سہولیات کی بدولت طلباء وطالبات کے لئے بہترین تعلیمی درس گاہ بن چکا ہے۔

## وژن

گورنمنٹ اسلامیہ گریجوایٹ کالج سرگودھا روڈ فیصل آباد کی انتظامیہ کا یہ یقین ہے کہ اقوام کی کردار سازی کے لئے معیاری تعلیم ناگزیر ہے کیونکہ افراد اور اقوام کی ترقی بہترین اخلاقی نظریاتی اور مذہبی اقدار کے بغیر ناممکن ہے اور اس سلسلے میں کالج کی سطح پر دی جانے والی تعلیم کا کردار مسلمہ ہے دراصل کالج ہی وہ جگہ ہے جہاں طلباء کو ان کی صلاحتیوں کے اظہار کا موقع ملتا ہے تا کہ وہ جدید تعلیمی دنیا میں قدم رکھ سکیں اور ملک و قوم کی ترقی میں اپنا کلیدی کردار ادا کر سکیں۔

## عزم

گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ اسلامیہ کالج فیصل آباد ایک متحرک اور جدید تعلیمی مرکز کی حیثیت سے اپنے طلباء کے منتخب کردہ شعبہ جات میں علم و مہارت دینے ,اقدار رقم کرنے اور مخفی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے بہترین مواقع مہیا کرنے کے لئے پرعزم ہے تا کہ مستقبل کے لیڈرز پروفیشنلز اور سب سے بڑھ کر یہ کہ اچھے انسانوں کو تیار کیا جا سکے۔

## مقاصد

۱۔تعلیم میں مقصدیت کو اجاگر کرنا ۲۔تعلیم کے ذریعے معاشرتی وملکی ضروریات کو پورا کرنا ۳۔تعلیمی بنیادوں پر زندگی کو تبدیل کرنا ۴۔موثر تعلیم و تربیت کے لئے جدوجہد کرنا ۵۔فنی اور سائنسی تعلیم کے فروغ کی جدوجہد کرنا

## کالج کونسل:

کالج کے معاملات کی دیکھ بھال کے لئے کالج کونسل اپنے فرائض سرانجام دیتی ہے۔اس کونسل کے چیئرمین کالج ہذا کے پرنسپل اور سیکرٹری وائس پرنسپل ہیں۔جبکہ ممبران میں ایک پروفیسر' ایک ایسوسی ایٹ پروفیسر' ایک اسسٹنٹ پروفیسر' ایک لیکچرر کے علاوہ وزیر اعلی پنجاب کی جانب سے نامزد کردہ ایم پی اے' کمشنر فیصل آباد' ڈپٹی کمشنر فیصل آباد' اسسٹنٹ کمشنر سٹی یا ان کی طرف سے نامزد کردہ ممبران اور پرنسپل کی جانب سے منتخب کردہ تین سٹوڈنٹس اور دو سوشل ورکر/ صنعتکار شامل ہوتے ہیں۔

## کالج انتظامیہ:

### پرنسپل

پروفیسر ایوب حسن

### وائس پرنسپل

محمد اکرم ایسوسی ایٹ پروفیسر

### چیف پراکٹر

محمد اکرم ایسوسی ایٹ پروفیسر

### چیف ٹیوٹر

غلام محمد ناگرہ اسسٹنٹ پروفیسر

### کالج برسر

محمد اشرف

### انچارج فرنیچر

☆ عبدالحمید' اسٹنٹ پروفیسر

### انچارج درجہ چہارم ملازمین

ڈاکٹر محبوب احمد لیکچرر

### انچارج ہارٹیکلچر

ڈاکٹر محبوب احمد لیکچرر

### انچارج ڈسپنسری

- ڈاکٹر عمران خان اسسٹنٹ پروفیسر

### کالج پراسپیکٹس کمیٹی

| | | |
|---|---|---|
| ☆ سید مجتبی حسن' اسسٹنٹ پروفیسر | | کنوینر |
| ☆ ڈاکٹر ہاشم فاروق لیکچرر | | ممبر |
| ☆ محمد اعجاز' اسسٹنٹ پروفیسر | | ممبر/سیکرٹری |

### ٹائم ٹیبل

| | | |
|---|---|---|
| ☆ محمد عاصم | اسسٹنٹ پروفیسر | انچارج |
| ☆ محمد ثاقب | لیکچرر | ڈپٹی انچارج |

### کالج سیکیورٹی کمیٹی

| | |
|---|---|
| ☆ محمد اکرم' ایسوسی ایٹ پروفیسر | فوکل پرسن |
| ☆ فاروق انور' ایسوسی ایٹ پروفیسر | ڈپٹی فوکل پرسن |
| ☆ ڈاکٹر ساجد علی ایسوسی ایٹ پروفیسر | ممبر |
| ☆ فرید احمد اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| ☆ ڈاکٹر ہاشم فاروق۔ لیکچرر | ممبر |

### شعبہ امتحانات

| | | |
|---|---|---|
| ☆ فاروق انور | | کنٹرولر |
| ☆ ڈاکٹر محی الدین | (بی ایس کلاسز) | ڈپٹی کنٹرولر |
| ☆ محمد احمد | (بی ایس کلاسز) | ممبر |
| ☆ محمد عبداللہ | (انٹرمیڈیٹ کلاسز) | ڈپٹی کنٹرولر |
| ☆ محمد ثاقب | (انٹرمیڈیٹ کلاسز) | ممبر |

### کالج کینٹین کمیٹی

| | |
|---|---|
| ☆ طارق اسماعیل اسسٹنٹ پروفیسر | کنوینر |
| ☆ محمد عاصم اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| ☆ محمد علی افضل۔ لیکچرر | ممبر |

### سائیکل سٹینڈ/ پارکنگ کمیٹی

| | |
|---|---|
| ☆ طارق اسماعیل اسٹنٹ پروفیسر | کنوینر |
| ☆ ڈاکٹر ضیاء محمود لیکچرر | ممبر |

### یونیفارم کمیٹی

| | |
|---|---|
| ☆ فاروق انور۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر | انچارج |
| ☆ فرید احمد۔ اسسٹنٹ پروفیسر | ڈپٹی انچارج |
| ☆ محمد سردار شاہد۔ اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| ☆ ڈاکٹر شکیل احم۔ اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| ☆ سید واجد حسین۔ اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| ☆ غلام دستگیر۔ اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |

### موبائل فون سکواڈ

| | |
|---|---|
| ☆ فاروق انور۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر | انچارج |
| ☆ محمد سرور۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر | ڈپٹی انچارج |
| ☆ سید واجد حسین۔ اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| ☆ غلام دستگیر۔ اسسٹنٹ پروفیسر | ممبر |
| ☆ سمیع اللہ مدنی۔ لیکچرر | ممبر |
| ☆ ڈاکٹر ہاشم فاروق۔ لیکچرر | ممبر |

## مسجد کمیٹی

☆ حافظ عبدالمجید' ایسوسی ایٹ پروفیسر — کنوینر
☆ حافظ منیر احمد' ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر
☆ عبدالعلی۔ اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر
☆ عبدالحمید' اسسٹنٹ پروفیسر — سیکرٹری

## کالج کارڈ کمیٹی

☆ غلام دستگیر — اسسٹنٹ پروفیسر — انچارج
☆ ڈاکٹر ضیاء محمود — لیکچرر — ڈپٹی انچارج
☆ عبیداللہ — لیکچرر — ممبر
☆ ڈاکٹر محبوب احمد — لیکچرر — ممبر

## Quality Enhancement Cell

☆ ڈاکٹر عمران خان — اسسٹنٹ پروفیسر — کنوینر
☆ غلام دستگیر — لیکچرر — ممبر

## College Development Committee

☆ پروفیسر ایوب حسن۔ پرنسپل — کنوینر
☆ رانا محمد اکرم۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر
☆ حافظ منیر احمد۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر
☆ ڈاکٹر ساجد علی۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر
☆ محمد افضل مجید۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر/سیکرٹری

## کالج پرچیز کمیٹی

☆ پروفیسر ایوب حسن' (پرنسپل) — کنوینر
☆ رانا محمد اکرم' ایسوسی ایٹ پروفیسر/ وائس پرنسپل — ممبر
☆ حافظ منیر احمد' ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر
☆ فاروق انور ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر
☆ متعلقہ شعبہ کا انچارج — ممبر
☆ محمد افضل مجید۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر/سیکرٹری

## College Maintenance&Repair Commitee

☆ محمد اکرم ایسوسی ایٹ پروفیسر — کنوینر
☆ عبدالحمید' اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر
☆ محمد آصف چوہدری' اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر
☆ محمد اظہر سعید' لائبریرین — ممبر
☆ محمد اعجاز اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر/سیکرٹری

## فیس معافی / مالی امداد کمیٹی

☆ محمد اکرم۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر — کنوینر
☆ حافظ عبدالمجید ' اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر/سیکرٹری

## سپورٹس بورڈ

☆ پروفیسر ایوب حسن' پرنسپل — پیٹرن
☆ رانا محمد اکرم۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر — چیئرمین/ انچارج ہینڈ بال
☆ طارق اسماعیل۔ اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر/ انچارج فٹبال
☆ غلام دستگیر' اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر/ انچارج بیڈمنٹن
☆ حافظ محمد حسن' لیکچرر — ممبر/ انچارج کرکٹ
☆ فرید احمد' اسسٹنٹ پروفیسر — سیکرٹری
انچارج ہاکی۔ اتھلیٹکس۔ کبڈی

## سپورٹس بورڈ برائے طالبات

☆ پروفیسر ایوب حسن' پرنسپل — پیٹرن
☆ ڈاکٹر سدرہ حبیب۔ اسسٹنٹ پروفیسر — چیئرمین
☆ سلمیٰ گیلانی۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر
☆ نوید کوثر۔ ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر
☆ مہوش۔ لیکچرر — ممبر
☆ سمیرا تصدق۔ اسسٹنٹ پروفیسر — سیکرٹری

## ڈینگی آگاہی سیل

☆ ڈاکٹر فرقان احمد صدیق' لیکچرر — فوکل پرسن
☆ ڈاکٹر آصف مسیح' لیکچرر — ڈپٹی فوکل پرسن
☆ سنیل جان' لیکچرر — لیکچرر

## کالج ویب سائٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی

☆ عمر بشیر' لیکچرر — انچارج
☆ محمد بلال۔ لیکچرر — ڈپٹی انچارج

## ریفریشمنٹ کمیٹی

☆ ڈاکٹر فرقان احمد صدیق لیکچرر — انچارج
☆ تبسم رسول۔ اسسٹنٹ پروفیسر — ڈپٹی انچارج
☆ محمد آکاش۔ لیکچرر — ممبر

## لائبریری کمیٹی

☆ سید مجتبیٰ حسن' اسسٹنٹ پروفیسر — انچارج
☆ ڈاکٹر غلام محمد ناگرہ۔ اسسٹنٹ پروفیسر — ڈپٹی انچارج
☆ تبسم رسول۔ اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر

## ادبی سوسائٹی بورڈ

☆ سید مجتبیٰ حسن' اسسٹنٹ پروفیسر — کنوینر
☆ حافظ محمد حسن' لیکچرر — ممبر
☆ ڈاکٹر ہاشم فاورق' لیکچرر — ممبر
☆ محمد اعجاز اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر/ سیکرٹری

## کالج ڈسپلن کمیٹی

☆ محمد اکرم ایسوسی ایٹ پروفیسر — کنوینر
☆ محمد افضل مجید ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر
☆ رضا عسکری ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر
☆ ڈاکٹر ساجد علی ایسوسی ایٹ پروفیسر — ممبر

## پراکٹوریل بورڈ/ ڈے آفیسرز

☆ محمد اکرم' ایسوسی ایٹ پروفیسر — انچارج — سوموار
☆ فرید احمد' اسسٹنٹ پروفیسر — ڈپٹی انچارج
☆ حافظ عبدالمجید' اسسٹنٹ پروفیسر — انچارج — منگل
☆ صادق امین۔ اسسٹنٹ پروفیسر — ڈپٹی انچارج
☆ افضل مجید' ایسوسی ایٹ پروفیسر — انچارج — بدھ
☆ آصف چوہدری' اسسٹنٹ پروفیسر — ڈپٹی انچارج
☆ رضا عسکری ایسوسی ایٹ پروفیسر — انچارج — جمعرات
☆ ڈاکٹر ساجد علی' ایسوسی ایٹ پروفیسر — ڈپٹی انچارج
☆ سید مجتبیٰ حسن اسسٹنٹ پروفیسر — انچارج — جمعہ
☆ ڈاکٹر عمران خان' اسسٹنٹ پروفیسر — ڈپٹی انچارج
☆ محمد سرور ایسوسی ایٹ پروفیسر — انچارج — ہفتہ
☆ رضوان احمد' اسسٹنٹ پروفیسر — ڈپٹی انچارج

## کمیٹی برائے تصدیق بورڈ/ یونیورسٹی فارم

☆ محمد سرور ایسوسی ایٹ پروفیسر — کنوینر
☆ عبدالحمید' اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر
☆ ڈاکٹر محبوب احمد لیکچرر — ممبر
☆ ڈاکٹر ضیاء محمود لیکچرر — ممبر

## چیئرمین داخلہ کمیٹی

☆ محمد اکرم ایسوسی ایٹ پروفیسر

## داخلہ کمیٹی

### برائے انٹرمیڈیٹ (سائنس گروپ)

☆ حافظ منیر احمد ایسوسی ایٹ پروفیسر — کنوینر
☆ ڈاکٹر عمران خان۔ اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر
☆ ڈاکٹر آصف مسیح' لیکچرر — ممبر

### داخلہ کمیٹی برائے انٹرمیڈیٹ (کامرس گروپ)

☆ محمد عبداللہ' اسسٹنٹ پروفیسر — کنوینر
☆ عبدالحمید۔ اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر
☆ صادق امین۔ اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر
☆ محمد ثاقب۔ لیکچرر — ممبر

### داخلہ کمیٹی برائے انٹرمیڈیٹ (آرٹس گروپ)

☆ حافظ منیر احمد' ایسوسی ایٹ پروفیسر — کنوینر
☆ محمد تبسم رسول۔ اسسٹنٹ پروفیسر — ممبر
☆ محمد علی افضل۔ لیکچرر — ممبر

### داخلہ کمیٹی برائے انٹرمیڈیٹ (آئی سی ایس گروپ)

☆ محمد عاصم' اسسٹنٹ پروفیسر — کنوینر
☆ محمد بلال لیکچرر — ممبر
☆ ضیاء محمود۔ لیکچرر — ممبر
☆ عمر بشیر۔ لیکچرر — ممبر

# کالج ٹیچنگ سٹاف

☆پروفیسر ایوب حسن (ایم اے) پرنسپل

## شعبہ اردو

☆نوید کوثر (ایم فل) ایسوسی ایٹ پروفیسر و صدر شعبہ
☆سید مجتبیٰ حسن (ایم اے) اسسٹنٹ پروفیسر
☆سمیرا تصدق (ایم فل) اسسٹنٹ پروفیسر
☆ڈاکٹر محبوب احمد (پی ایچ ڈی) لیکچرر
☆مہوش (ایم فل) لیکچرر

## شعبہ انگریزی

☆محمد افضل مجید (ایم فل) ایسوسی ایٹ پروفیسر و صدر شعبہ
☆رضا عسکری (ایم اے) ایسوسی ایٹ پروفیسر
☆ڈاکٹر ساجد علی (پی ایچ ڈی) ایسوسی ایٹ پروفیسر
☆محمد آصف چوہدری (ایم فل) اسسٹنٹ پروفیسر
☆طارق اسماعیل (ایم اے۔ ڈپلومہ ان ٹیفل) اسسٹنٹ پروفیسر
☆عبدالقدیر (ایم اے) اسسٹنٹ پروفیسر
☆محمد اعجاز (ایم فل سلور میڈلسٹ) اسسٹنٹ پروفیسر
☆واجد حسین (ایم فل سلور میڈلسٹ) اسسٹنٹ پروفیسر
☆غلام دستگیر (ایم اے گولڈ میڈلسٹ)، ایم فل اسسٹنٹ پروفیسر
☆عبیداللہ ایم اے لیکچرر
☆محمد افضل ایم فل لیکچرر
☆گلشن ناز ایم فل لیکچرر

## شعبہ طبعیات

☆سلمیٰ گیلانی (ایم ایس سی) ایسوسی ایٹ پروفیسر و صدر شعبہ
☆ڈاکٹر سید ذوالقرنین حیدر (پی ایچ ڈی) اسسٹنٹ پروفیسر
☆رضوان احمد (ایم فل) اسسٹنٹ پروفیسر
☆ڈاکٹر ہاشم فاروق (پی ایچ ڈی) لیکچرر

## شعبہ کیمسٹری

☆محمد سردار شاہد (ایم فل) اسسٹنٹ پروفیسر و صدر شعبہ
☆ڈاکٹر شکیل احمد (پی ایچ ڈی) اسسٹنٹ پروفیسر
☆ڈاکٹر فرقان احمد صدیق (پی ایچ ڈی) لیکچرر
☆ محمد آکاش (پی ایچ ڈی سکالر) لیکچرر

## شعبہ شماریات

☆محمد عاصم (ایم فل) اسسٹنٹ پروفیسر و صدر شعبہ
☆محمد عبداللہ (ایم فل) اسسٹنٹ پروفیسر
☆محمد ثاقب (ایم فل) لیکچرر
☆محمد احمد (ایم فل) لیکچرر

## شعبہ ریاضی

☆ڈاکٹر سدرہ حبیب اسسٹنٹ پروفیسر
(پی ایچ ڈی گولڈ میڈلسٹ) (صدر شعبہ)
☆ڈاکٹر محی الدین (پی ایچ ڈی) لیکچرر
☆ارسلا (ایم فل) لیکچرر
☆عائشہ ناز (ایم فل) لیکچرر
☆صفا یوسف (ایم فل) لیکچرر

## شعبہ اسلامیات

☆حافظ عبدالمجید (ایم فل) ایسوسی ایٹ پروفیسر و صدر شعبہ
☆عبدالحمید (ایم اے) اسسٹنٹ پروفیسر
☆محمد زبیر (ایم اے) لیکچرر
☆ڈاکٹر حافظ محمد حسن (پی ایچ ڈی) لیکچرر
☆ڈاکٹر؛ اکرا الہاشمی (پی ایچ ڈی) لیکچرر

## شعبہ معاشیات

☆صادق امین (ایم فل) اسسٹنٹ پروفیسر و صدر شعبہ
☆تبسم رسول (ایم فل) اسسٹنٹ پروفیسر

## شعبہ باٹنی

☆ڈاکٹر عمران خان (پی ایچ ڈی) اسسٹنٹ پروفیسر
☆قراۃ العین صفدر (ایم فل) لیکچرر

## شعبہ زوآلوجی

☆ڈاکٹر جاوید اقبال اسسٹنٹ پروفیسر
(پی ایچ ڈی) (صدر شعبہ)
☆؛ڈاکٹر آصف مسیح (پی ایچ ڈی) لیکچرر
☆ سنیل (ایم فل) لیکچرر

# کالج ٹیچنگ سٹاف:

## شعبہ سیاسیات

☆فاروق انور (ایم اے) ایسوسی ایٹ پروفیسر وصدرشعبہ
☆ڈاکٹر غلام محمد ناگرہ (پی ایچ ڈی) اسسٹنٹ پروفیسر
☆ عروج فاطمہ (ایم فل) لیکچرر

## شعبہ صحت و تعلیم جسمانی

☆محمد اکرم (ایم اے) ایسوسی ایٹ پروفیسر وصدرشعبہ
☆فرید احمد (ایم اے) اسسٹنٹ پروفیسر

## شعبہ کمپیوٹر سائنس

☆محمد عمر بشیر (ایم ایس کمپیوٹر سائنس) لیکچرر وصدرشعبہ
☆محمد بلال (ایم ایس کمپیوٹر سائنس) لیکچرر

## شعبہ عمرانیات

☆ڈاکٹر ضیاء محمود ((پی ایچ ڈی) لیکچرر وصدرشعبہ
☆سونیا (ایم فل) لیکچرر

## شعبہ عربی

☆حافظ منیر احمد (ایم اے) ایسوسی ایٹ پروفیسر وصدرشعبہ
☆عبدالعلی (ایم فل) اسسٹنٹ پروفیسر

## شعبہ تاریخ

☆سمیع اللہ مدنی (بی ایس) لیکچرر

## شعبہ فارسی

☆محمد سرور (ایم فل) ایسوسی ایٹ پروفیسر

## شعبہ نفسیات

☆مصباح نورین (ایم فل) لیکچرر

## شعبہ صحافت

☆نورالہدی (بی ایس) لیکچرر

## شعبہ لائبریری سائنس

☆محمد اظہر سعید (ایم ایل آئی ایس) لائبریرین

## کوآرڈینیٹر ز بی ایس چار سالہ ڈگری پروگرام

☆محمد رضوان۔اسسٹنٹ پروفیسر (ایم فل) فزکس
☆ڈاکٹر فرقان احمد صدیق۔لیکچرر کیمسٹری
☆ڈاکٹر آصف مسیح۔لیکچرر زوآلوجی
☆ڈاکٹر عمران خان۔اسسٹنٹ پروفیسر باٹنی
☆ڈاکٹر محی الدین۔لیکچرر ریاضی
☆عمر بشیر۔لیکچرر (ایم ایس کمپیوٹر سائنس) کمپیوٹر سائنس
☆محمد اعجاز۔اسسٹنٹ پروفیسر (ایم فل) انگریزی
☆تبسم رسول۔اسسٹنٹ پروفیسر (ایم فل) اکنامکس
☆ حافظ عبدالمجید۔ایسوسی ایسٹ پروفیسر (ایم فل) اسلامیات

# کالج نان ٹیچنگ سٹاف:

☆ محمد اشرف (سینئر برسر)
☆ میاں محمد مصطفیٰ (سپرنٹنڈنٹ)
☆طاہر احمد (ہیڈ کلرک)
☆محمد شبیر حسین (سینئر کلرک)
☆ سلیم اعجاز (سینئر کلرک)
☆ شہباز انجم (جونیئر کلرک)
☆شکیل احمد (لیب اٹنڈنٹ/کمپیوٹر آپریٹر)
☆ظہیر احسن (ڈسپنسر)

☆شکیل مسیح (لیب اٹنڈنٹ) ☆عمران حمید (لیب اٹنڈنٹ)
☆اختر علیم (لیب اٹنڈنٹ) ☆صداقت علی (لیب اٹنڈنٹ)
☆شاہد رمضان (نائب قاصد) ☆تنزیل الرحمان (نائب قاصد)
☆سہیل ناصر (نائب قاصد) ☆ ارباب حیدر (نائب قاصد)
☆ محمد امین (نائب قاصد)

☆محمد شفیق شاہد (بیلدار) ☆محمد سرور (بیلدار)
☆ بشیر مسیح (بیلدار) ☆ علی احمد (بیلدار)
☆محمد فاروق (بیلدار) ☆ محمد جمیل (بیلدار)
☆ شعیب طاہر (بیلدار) ☆ ذیشان احمد (بیلدار)
☆عامر حسین (واٹرمین) ☆ محمد ناصر (واٹرمین)
☆ محمد طاہر (واٹرمین)

☆امانت علی (چوکیدار) ☆سرفراز احمد (چوکیدار)
☆ عرفان جاوید (چوکیدار)

☆خالق مسیح (خاکروب) ☆ساجد مسیح (خاکروب)
☆عابد مسیح (خاکروب) ☆ خرم مسیح (خاکروب)

## انٹرمیڈیٹ کی سطح پر پیش کردہ پروگرام:

### ایف ایس سی پری میڈیکل F.Sc.(Pre-Medical)

انگریزی۔اردو۔اسلامیات۔مطالعہ پاکستان۔فزکس۔کیمسٹری۔بیالوجی

### ایف ایس سی پری انجینئرنگ F.Sc.(Pre- Engineering)

انگریزی۔اردو۔اسلامیات۔مطالعہ پاکستان۔فزکس۔کیمسٹری۔ریاضی

### آئی کام (I.COM)

**لازمی مضامین:** انگریزی۔اردو۔اسلامیات۔مطالعہ پاکستان۔

**پارٹ 1:** پرنسپلز آف اکاؤنٹنگ۔اصول معاشیات۔اصول تجارت۔ ریاضی

**پارٹ 2:** پرنسپلز آف اکاؤنٹنگ۔تجارتی جغرافیہ۔بینکاری۔شماریات

### آئی سی ایس (I.CS.)

**لازمی مضامین:** انگریزی۔اردو۔اسلامیات لازمی۔مطالعہ پاکستان۔

**اختیاری مضامین:** طلباء لازمی مضامین کے ساتھ مندرجہ ذیل میں سے ایک مکمل گروپ کا انتخاب کریں گے۔

**گروپ 1:** فزکس۔ریاضی۔کمپیوٹر سائنس **گروپ 2:** معاشیات۔ریاضی۔کمپیوٹر سائنس

### جنرل سائنس/ایف۔اے (I.T)

**لازمی مضامین:** انگریزی۔اردو۔اسلامیات لازمی۔مطالعہ پاکستان۔

**اختیاری مضامین:** طلباء لازمی مضامین کے ساتھ مندرجہ ذیل میں سے ایک مکمل گروپ کا انتخاب کریں گے۔

**گروپ 1:** معاشیات۔سوشیالوجی۔کمپیوٹر سائنس **گروپ 2:** معاشیات۔شماریات۔کمپیوٹر سائنس

### ایف۔اے آرٹس/(F.A)

**لازمی مضامین:** انگریزی۔اردو۔اسلامیات۔مطالعہ پاکستان۔

**اختیاری مضامین:** طلباء لازمی مضامین کے ساتھ مندرجہ ذیل ہر گروپ میں سے ایک مضمون کا انتخاب کریں گے

ایک گروپ میں سے صرف ایک مضمون کا انتخاب کیا جا سکتا ہے۔

**گروپ 1:** سوکس۔اسلامیات۔جغرافیہ۔سوشیالوجی۔ریاضی

**گروپ 2:** ایجوکیشن۔معاشیات۔تاریخ۔سائیکالوجی

**گروپ 3:** عربی۔فارسی۔صحت و تعلیم جسمانی۔لائبریری سائنس۔شماریات

## تبدیلی مضمون:

ہر سال کالج کے داخلے مکمل ہونے کے بعد تبدیلی مضمون کی تاریخ کا اعلان کیا جاتا ہے۔
اس تاریخ کے بعد تبدیلی مضمون کی اجازت نہیں دی جاتی ہے۔تبدیلی مضمون دیئے گئے سیٹ
میں سے ہی کی جا سکتی ہے۔

## داخلہ کی اہلیت:

وہ طلباء جنہوں نے میٹرک (سائنس/آرٹس) میں کم از کم 45% نمبر حاصل کئے ہیں اور
ان کی عمر 18 سال تک ہے وہ انٹرمیڈیٹ پروگرام میں داخلہ کے اہل ہیں۔تاہم داخلہ میرٹ اور دستیاب سیٹوں پر ہی ملے گا۔

## بی ایس پروگرام (مارننگ):

☆فزکس ☆کیمسٹری ☆زوآلوجی ☆باٹنی ☆ریاضی

☆کمپیوٹرسائنس ☆ انگلش لٹریچر ☆ اسلامیات ☆اکنامکس ☆شماریات

## بی ایس پروگرام (ایوننگ):

☆کمپیوٹرسائنس ☆ انگلش لٹریچر ☆ کیمسٹری ☆زوآلوجی ☆ ریاضی ☆ بی بی اے

## داخلہ کی اہلیت:

| | |
|---|---|
| فزکس: | ایف ایس سی (پری انجنیئر نگ ۔ پری میڈیکل اضافی ریاضی مضمون کے ساتھ ۔آئی سی ایس (فزکس اور ریاضی کے ساتھ )/اے لیول |
| کیمسٹری | ایف ایس سی (پری میڈیکل ۔ پری انجنیئر نگ )/اے لیول |
| زوالوجی: | ایف ایس سی (پری میڈیکل) یا مساوی |
| باٹنی: | ایف ایس سی (پری میڈیکل) یا مساوی |
| ریاضی: | ایف ایس سی (پری انجنیئر نگ ۔ پری میڈیکل اضافی ریاضی مضمون کے ساتھ ۔آئی سی ایس (فزکس اور ریاضی کے ساتھ ) |
| کمپیوٹرسائنس: | ایف ایس سی (پری انجنیئر نگ ۔ پری میڈیکل اضافی ریاضی مضمون کے ساتھ ۔آئی سی ایس )/اے لیول |
| انگلش لٹریچر: | ایف ایس سی/آئی سی ایس/آئی کام/ایف اے/اے لیول |
| اسلامیات: | ایف ایس سی/آئی سی ایس/آئی کام/ایف اے/اے لیول |
| اکنامکس: | ایف ایس سی/آئی سی ایس/آئی کام/ایف اے/اے لیول |
| شماریات: | ایف ایس سی/آئی سی ایس/آئی کام/ایف اے/اے لیول |
| بی بی اے: | ایف ایس سی/آئی سی ایس/آئی کام/ایف اے/اے لیول |

☆بی ایس مارننگ پروگرام میں داخلہ کیلئے عمر کی حد 20 سال ہے۔جبکہ بی ایس ایوننگ کے لئے 24 سال ہے۔ پرنسپل صاحب عمر میں 2 سال کی رعایت دے سکتے ہیں۔

☆انٹرمیڈیٹ میں 45% نمبر والے طلباء داخلہ کے اہل ہیں لیکن داخلہ صرف میرٹ پر ہوگا۔جبکہ کمپیوٹر سائنس میں کم ازکم 50% اہلیت درکار ہے۔

☆بی ایس پروگرام میں داخلہ کے خواہشمند طلباء کو داخلہ کمیٹی کے سامنے پیش ہوکر انٹرویو دینا ہوگا۔

☆مارننگ کلاسز میں انٹرمیڈیٹ امتحان سالانہ 2022 اور سپلمنٹری امتحان 2021 میں پاس ہونے والے سٹوڈنٹس داخلہ کے اہل ہونگے

جبکہ بی ایس ایوننگ کلاسز میں داخلہ بھی میرٹ پر ہوگا لیکن ترجیح انٹرمیڈیٹ امتحان سالانہ 2022 اور سپلمنٹری امتحان 2021 میں پاس ہونے والے سٹوڈنٹس دی جائے گی۔

سیٹیس بچ جانے کی صورت میں پچھلے سیشن کے سٹوڈنٹس کو گذشتہ سال کے 10 نمبر منہا کر کے ان کو میرٹ کے مطابق داخلہ دیا جائے گا۔

نوٹ:۔ سکیم آف سٹڈی اور کورسز میں جی سی یونیورسٹی فیصل آباد کی طرف سے ہونے والی کوئی بھی تبدیلی لاگو ہوگی۔

## داخلہ کا طریقہ کار:

انٹرمیڈیٹ کلاسز کیلئے ہر سال تعلیمی سیشن ستمبر سے شروع ہو کر اپریل میں اختتام پذیر ہوتا ہے۔ سال اول کے تمام گروپوں میں داخلہ شیڈول کے مطابق ہوتا ہے۔ بی ایس پروگرام میں داخلہ انٹرمیڈیٹ کا امتحان جو کہ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اور سیکنڈری ایجوکیشن کے زیر اہتمام ہوتا ہے کے نتیجہ کے اعلان کے بعد گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کے شیڈول کے مطابق ہوتا ہے۔ طالب علم کالج کی جانب سے مقرر کردہ تاریخوں پر کالج پراسپیکٹس مع داخلہ فارم کالج دفتر سے بعوض 150 روپے حاصل کر سکتے ہیں۔

- تمام شعبہ جات میں اوپن میرٹ کا خیال رکھا جاتا ہے۔ انٹرمیڈیٹ کلاسز میں صرف لڑکے جبکہ بی ایس کلاسز میں لڑکے اور لڑکیاں داخلے کے اہل ہیں
- طالب علموں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے داخلہ فارم کے ساتھ مندرجہ ذیل دستاویزات کی فوٹو کاپیاں منسلک کریں۔

☆میٹرک سٹرٹیفکیٹ/ مساوی (03 عدد)

☆انٹرمیڈیٹ سٹرٹیفکیٹ/ مساوی (بی ایس میں داخلہ کیلئے) (03 عدد)

☆کریکٹر سٹرٹیفکیٹ (اس ادارے کا جہاں سے آخری سٹرٹیفکیٹ حاصل کیا) (01 عدد)

☆شناختی کارڈ/ ب فارم (طالب علم کا) (03 عدد)

☆تین عدد تصدیق شدہ پاسپورٹ سائز تصاویر

☆والد یا سرپرست کا شناختی کارڈ (01 عدد)

☆ڈومیسائل (صرف بی ایس میں داخلہ کے لئے) (اصل کے ساتھ 02 عدد)

☆مائیگریشن سٹرٹیفکیٹ (اصل) (دوسرے بورڈ سے آنے کی صورت میں۔ صرف بی ایس میں داخلہ کیلئے)

- داخلہ فارم پر طالب علم اور والدین دونوں کے دستخط ہونا ضروری ہیں۔
- انٹرمیڈیٹ کیلئے عمر کی حد 18 سال جبکہ بی ایس کے لئے 20 سال ہے۔ بی ایس میں داخلہ کے لئے عمر 20 سال سے زیادہ ہونے کی صورت میں پرنسپل صاحب عمر میں 2 سال کی رعایت دے سکتے ہیں۔
- تمام امیدواران کو ہدایت کی جاتی ہے کہ انٹرویو کے وقت اپنے اصل دستاویزات ہمراہ لائیں۔ داخلہ فارم کے ساتھ تعلیمی سرٹیفکیٹس/ اسناد کی فوٹو کاپیاں تصدیق شدہ ہوں۔
- ہر امیدوار کے لئے لازمی ہے کہ وہ انٹرویو کے وقت اپنے والد/ سرپرست کے ہمراہ داخلہ کمیٹی کے پاس تشریف لائیں۔
- انٹرویو اور دستاویزات چیک کرنے کے بعد داخلہ کمیٹی داخلہ دے گی۔ اگر داخلے کے بعد کسی بھی موقع پر یہ بات سامنے آئی کہ امیدوار نے بوگس دستاویزات پیش کئے ہیں یا دستاویزات میں ابہام ہے تو اس کا داخلہ ختم کر دیا جائے گا اور قانونی کاروائی کی جائے گی۔

## انٹرمیڈیٹ پروگرام کے حوالے سے ضروری معلومات:

انٹرمیڈیٹ سطح پر، کلاس فرسٹ ائیر کے داخلے کے بعد میرٹ کے مطابق سیکشن بنائے جاتے ہیں ٹائم ٹیبل نوٹس بورڈ پرآویزاں کر دیا جاتا ہے۔سٹوڈنٹس کیلئے لازمی ہے کہ وہ ٹائم ٹیبل کے مطابق اپنی کلاسز میں حاضر ہوں۔تدریسی سلسلہ تعلیمی سیشن کے اختتام تک جاری رہتا ہے۔تاہم طلباء کو تعلیمی سال کے دوران کالج کے دسمبر ٹیسٹ، Revision Test اور Send up Test میں شامل ہونا اور پاس ہونا ضروری ہوتا ہے۔بصورت دیگر وہ بورڈ کا امتحان دینے کے اہل نہیں ہونگے۔اس کے علاوہ ماہانہ کلاس ٹیسٹ میں بھی طلباء کی شمولیت بہت ضروری ہے۔کیونکہ بورڈ میں ان کے داخلے کا دارومدار انہی ٹیسٹوں پر ہے۔

### کالج امتحانات۔قواعد وضوابط

- انٹرمیڈیٹ کے ہر طالب علم کے لئے لازمی ہے کہ وہ تعلیمی سیشن کے دوران تمام ماہانہ اور دوسرے ٹیسٹوں میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرے۔تاکہ ان کا بورڈ میں کالج کے انٹرنل گریڈ کے ساتھ داخلہ بھیجا جاسکے۔
- کسی بھی بیمار طالب علم کے لئے ضروری ہے کہ اس کے والد/سرپرست امتحان شروع ہونے سے پہلے چھٹی کی درخواست کے ساتھ میڈیکل سرٹیفکیٹ ذاتی طور پر کالج دفتر میں پیش ہو کر جمع کروائیں۔
- کالج امتحان میں ناقص کارکردگی کی بنا پر بورڈ کے امتحان میں بیٹھنے کی اجازت منسوخ کی جاسکتی ہے۔
- کالج امتحان میں غیر قانونی ذرائع استعمال کرنے کی پاداش میں سخت انضباطی کاروائی کی جائے گی جن میں کالج داخلہ منسوخ ہونا بھی شامل ہے۔
- کالج امتحان میں کسی مضمون بھی غیر حاضری کی صورت میں -/200 روپے جرمانہ کیا جائے گا۔اور ماہانہ کلاس ٹیسٹ میں غیر حاضری پر -/100 روپے فی مضمون جرمانہ کیا جائے گا۔
- ہر طالب علم کی Revision Test، دسمبر ٹیسٹ اور سینڈ اپ ٹیسٹ میں شرکت لازمی ہے۔اس امتحان میں فیل ہونے والے طالب علم کا داخلہ روک لیا جائے گا۔
- وہ طالب علم جو کہ کالج امتحان میں F گریڈ حاصل کرے گا۔اس کا داخلہ روک لیا جائے گا۔

# بی ایس (چار سالہ پروگرام) کے حوالے سے ضروری معلومات:

**سمسٹر سسٹم اور کورس رجسٹریشن**

بی ایس پروگرام کے تمام شعبہ جات میں تدریس اور جائزہ کے لئے سمسٹر سسٹم لاگو ہوگا۔ بی ایس پروگرام 8 سمسٹر پر مشتمل ہوگا۔
طالب علم کے لئے سمسٹر کے آغاز پر متعلقہ کورسز میں داخلہ لینا ضروری ہے۔ عام طور پر ہر سمسٹر 18 ہفتوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

**یونیورسٹی رولز کے مطابق وہ سٹوڈنٹس جن کا CGPA مندرجہ ذیل شرح سے کم ہوگا وہ Drop Out ہو جائیں گے۔**

دوسرے سمسٹر میں 1.75    چوتھے سمسٹر میں 2.00    چھٹے سمسٹر میں 2.25    آٹھویں سمسٹر میں 2.50

**جائزہ کا نظام:**

**کریڈٹ آور سسٹم:** ہر مضمون میں تھیوری، پریکٹکل اور ٹیوٹوریل کلاسز شامل ہیں۔ عام طور پر ایک کریڈٹ آور کا مطلب ہے کہ ہفتے میں ایک گھنٹے کی تھیوری کی کلاس۔

**طالب علم کا جائزہ:** بیچلر کی سطح پر طالب علم کی تعلیمی قابلیت کا جائزہ کلاس ٹیسٹ، اسائنمنٹ، کوئز، لیب رپورٹس، مڈ اور فائنل سمسٹر امتحان کی بنیاد پر لیا جاتا ہے۔

**طالب علم کے جائزہ کے لئے مندرجہ ذیل فارمولا استعمال کیا جاتا ہے۔**

| | |
|---|---|
| Mid Term Examination and | 30 % |
| Assignment & Presentaion Work | 20 % |
| Final Semster Examination | 50 % |
| Total | 100% |

**گریڈنگ کا نظام:** جی سی یونیورسٹی 4.0 پوائنٹ سکیل سے گریڈ کا نظام متعارف کرواتی ہے

| Marks (%) | Grade | Grade Point | Description |
|---|---|---|---|
| 80-100 | A | 4.0 | Excellent |
| 65-79.99 | B | 3.0 - 3.99 | Good |
| 50-64.99 | C | 2.0 - 2.99 | Satisfactory |
| 40.49.99 | D | 1.0 - 1.99 | Pass |
| Less than 40 | F | 0 | Fail |

# کالج قواعد وضوابط

## کالج شناختی کارڈ:

تمام طلباء کے لئے ضروری ہے کہ انچارج کالج شناختی کارڈ سے اپنا کارڈ حاصل کریں اور کالج میں ہمیشہ اپنے پاس رکھیں تا کہ جب کبھی ضرورت پڑے تو طالب علم کی پہچان ہو سکے۔لائبریری سکیورٹی کی واپسی کے وقت شناختی کارڈ کالج دفتر میں جمع کروانا ہوگا۔اگر کوئی طالب علم بغیر کالج کارڈ کے پایا گیا تو اسے کم از کم -/100 روپے جرمانہ ہوگا۔کارڈ گم ہونے کی صورت میں نیا کارڈ -/150 روپے جرمانہ ادا کرنے پر جاری کیا جائے گا۔کارڈ کے ربن کا رنگ کلاسز کے لحاظ سے مختلف ہوگا جس میں فرسٹ ائیر کلاسز کیلئے نیلا رنگ۔سیکنڈ ائیر کلاسز کیلئے سبز رنگ۔ بی ایس مارننگ کلاسز کیلئے سرخ رنگ اور بی ایس ایوننگ کلاسز کیلئے پیلا رنگ کا ربن استعمال ہوگا۔

## کالج واجبات:

مختلف کلاسز کے واجبات کی ادائیگی کے لئے تاریخ مقرر کی جاتی ہے اور پرنسپل آفس کی طرف سے وقتاً فوقتاً اس کے بارے نوٹس آویزاں کئے جاتے ہیں۔طلباء کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے داخلے کے فوراً بعد پراسپیکٹس میں درج فیس کے حساب سے اپنے واجبات جمع کروائیں۔تاہم ہائرایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ/ بورڈ/ یونیورسٹی کی جانب سے واجبات میں ردوبدل کی صورت میں نئے واجبات واجب الادا ہونگے۔

## کالج نظم وضبط:

کالج میں داخل شدہ طالب علموں کو مندرجہ ذیل قواعد وضوابط کی پابندی کرنی لازمی ہے۔

☆ اخلاقیات اور ارکان اسلام کی پیروی کرنا۔

☆ اپنے بڑوں، اساتذہ اور دیگر سٹاف کے ساتھ عزت وشائستگی سے پیش آنا۔

☆ کالج میں امن وامان، ہم آہنگی اور تعلیم دوست ماحول کو پروان چڑھانے میں معاونت کرنا

☆ کالج یونیفارم پہن کر آنا اور کالج شناختی کارڈ ہر وقت اپنے ساتھ رکھنا۔

☆ کالج املاک کا استعمال احتیاط سے کرنا اور کلاسز میں فرنیچر کی ترتیب کو خراب نہ کرنا۔

☆ کالج کیمپس، لائبریری، کنٹین اور کھیل کے میدانوں میں نظم وضبط قائم رکھنا

ڈسپلن کی خلاف ورزی پر محکمہ تعلیم حکومت پنجاب کے احکامات کی روشنی میں -/100 روپے سے -/1000 روپے تک جرمانہ ہوسکتا ہے۔ڈسپلن کی سنگین خلاف ورزی پر کالج سے داخلہ ختم بھی ہوسکتا ہے۔

## حاضری:

بورڈ یا یونیورسٹی قوانین کے مطابق 75% سے کم حاضری والے طلباء امتحان دینے کے اہل نہیں ہیں۔لہذا ایسے تمام طلباء جن کی کلاسز میں مجموعی حاضری 75% سے کم ہوگی ان کا داخلہ بورڈ یا یونیورسٹی کے امتحان کے لئے نہیں بھیجا جائے گا۔کالج سے غیر حاضری کی صورت میں پانچ روپے فی پیریڈ جرمانہ ہوگا۔

## چھٹی سے متعلقہ قوانین:

۱۔ میڈیکل یا کسی دوسری بنیاد پر حاصل کی گئی چھٹی مجموعی حاضری میں شمار نہیں کی جائے گی۔

۲۔ مجاز اتھارٹی سے چھٹی حاصل کرنے کے لئے درخواست لازمی طور پر مجوزہ فارم پر دی جانی چاہیے۔جس پر والد یا سرپرست کے دستخط ہونا لازم ہیں۔

۳۔ بیماری کی صورت میں کسی سرکاری ہسپتال میڈیکل آفیسر یا میڈیکل سپرنٹنڈنٹ کا دستخط شدہ میڈیکل سرٹیفکیٹ بھی چھٹی کی درخواست کے ساتھ لف ہونا چاہیے۔

۳۔ کالج میں ہونے والے امتحانات کے دوران چھٹی کے لئے طالب علم کے والد یا سرپرست کو امتحان کے شروع ہونے سے پہلے ذاتی طور پر پرنسپل صاحب کے سامنے پیش ہوکر درخواست دینا ہوگی اور اصل میڈیکل سرٹیفکیٹ بھی مہیا کرنا ہوگا اور ایسے طالب علم کیلئے لازم ہوگا کہ وہ اگلے امتحان میں شرکت کر کے اسے پاس کرے بصورت دیگر اس کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔

<u>چھٹی دینے کے مجاز افسران</u> وائس پرنسپل ☆دو دن تک کے لئے پرنسپل ☆دو دن سے زائد کے لئے

## <u>دوبارہ داخلہ کا طریقہ کار:</u>

بغیر چھٹی منظور کروائے ایک مہینہ میں مسلسل دس دن غیر حاضر رہنے کی صورت میں یا واجبات کی عدم ادائیگی کی صورت میں طالب علم کا نام کالج سے خارج دیا جاتا ہے اور دوبارہ داخلہ تعلیمی سیشن میں صرف ایک دفعہ ہی دیا جاتا ہے۔ نام خارج ہونے کے بعد دوبارہ داخلہ کی درخواست صرف پندرہ دن کے اندر ہی دی جاسکتی ہے اس کے بعد طالب علم دوبارہ داخلہ کا اہل نہیں ہوگا جبکہ درخواست کے ساتھ طالب علم کو اپنے والد یا سرپرست کا دستخط شدہ بیان حلفی بھی پرنسپل آفس میں جمع کروانا ہوگا۔ جس میں طالب علم کے دوبارہ غیر حاضر نہ ہونے کی یقین دہانی لازمی ہوگی۔ لیکن اس سلسلہ میں حتمی فیصلہ پرنسپل صاحب کا ہوگا۔

## <u>مائیگریشن:</u>

کسی بھی دوسرے شہر سے مائیگریشن کر کے اس کالج میں آنے والے طلباء کی درخواست کسی ٹھوس وجہ کی بنیاد پر ہی قبول کی جائے گی۔ کالج چھوڑ کر جانے والے طلباء مائیگریشن کے لئے اپنے والد یا سرپرست کی طرف سے دستخط شدہ درخواست پیش کریں گے۔

## <u>واجبات اور جرمانے کی ادائیگی:</u>

فیس اور جرمانہ کی ادائیگی کالج کی جانب سے مقرر کردہ تاریخوں پر لازمی طور پر ادا کرنا ہوگا۔ کالج سے غیر حاضری یا منظور شدہ چھٹی کی صورت میں بھی فیس مقررہ تاریخ پر ہی ادا کرنا ہوگی۔ بصورت دیگر لیٹ فیس بھی ادا کرنا ہوگی۔ جس کی تاریخ کا اعلان مقررہ تاریخ گزر جانے کے بعد کیا جاتا ہے اگر کوئی طالب علم اس کے بعد بھی فیس جمع نہ کروا سکے تو اس کا نام خارج کر دیا جائے گا تاہم وہ کالج کے مجوزہ قوانین کے مطابق دوبارہ داخلے کا اہل ہوگا۔

## <u>فیس معافی:</u>

مختلف کیٹگری میں حق دار طلباء وطالبات کی ٹیوشن فیس کو نصف یا مکمل طور پر معاف کرنے کا اختیار صرف کالج پرنسپل کے پاس ہے۔ مستحق طلباء وطالبات اپنے والد یا سرپرست سے دستخط شدہ درخواست جمع کروائیں گے یاد رہے کہ فیس میں رعایت کے لئے طالب علم کا کلاسز میں باقاعدگی سے حاضر ہونا تسلی بخش تعلیمی کارکردگی کا مظاہرہ کرنا اور اچھی اخلاقیات کا مالک ہونا ضروری ہے۔ ایک دفعہ فیس معاف ہونے کے بعد بھی اگر کوئی طالب علم ڈسپلن کی خلاف ورزی اور غیر تسلی بخش حاضری یا ناقص تعلیمی کارکردگی میں ملوث پایا گیا تو اس سے فیس میں رعایت کی سہولت واپس لے لی جائے گی۔ سیکنڈ شفٹ کے سٹوڈنٹس کو فیس میں رعایت کی سہولت نہ ہے۔ مستحق سٹوڈنٹس ریڈ کریسنٹ فنڈ سے مالی امداد کیلئے بھی درخواست دے سکتے ہیں۔

## <u>پراکٹوریل سسٹم:</u>

کالج میں نظم وضبط قائم رکھنے کے لئے ایک پراکٹوریل بورڈ ہوتا ہے جو کہ چیف پراکٹر۔ سیکرٹری پراکٹوریل بورڈ اور ڈسپلن کمیٹی پر مشتمل ہوتا ہے۔ پراکٹرز کالج کیمپس میں موجود کسی بھی طالب علم کو چیک کر سکتے ہیں۔ نظم وضبط کی خلاف ورزی کے معاملات کی اطلاع چیف پراکٹر کو دی جاتی ہے جو کہ فوراً ہی مناسب کاروائی عمل میں لاتے ہیں۔ چیف پراکٹر یا پراکٹوریل بورڈ کی طرف سے کئے گئے جرمانے میں نہ تو کوئی کمی ہوتی ہے اور نہ ہی واپسی۔ پراکٹرز اس امر کو یقینی بناتے ہیں کہ کالج طالب علم کے پاس کالج شناختی کارڈ ہو، اس نے مکمل یونیفارم پہنا ہو، تعلیمی ماحول میں خلل کا باعث نہ ہو اور موبائل فون یا اس قسم کی کوئی اور ڈیوائس استعمال نہ کر رہا ہو۔

**نوٹ:۔ حکومت پنجاب کی ہدایت کے مطابق کالج میں کسی قسم کے موبائل فون یا ڈیوائس کا استعمال سختی سے منع ہے۔ خلاف ورزی کرنے والے کو 1000 روپے جرمانہ کیا جائیگا اور ان کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے گی اور موبائل فون یا ایسی ڈیوائس ضبط بھی کی جاسکتی ہے۔**

## ٹیوٹوریل سسٹم:

ٹیوٹوریل سسٹم ایک چیف ٹیوٹر کی زیرنگرانی کام کرتا ہے۔ اس کا مقصد اساتذہ اور طلباء کے مابین رابطے کو قائم رکھنا ہے تاکہ باہمی میل جول اور فہم وفراست کو پروان چڑھایا جا سکے۔ کالج میں داخلہ لینے والا ہر طالب علم ٹیوٹوریل گروپ کا ممبر ہوتا ہے یہ ٹیوٹوریل گروپ بنانے کا مقصد طلباء کی پوشیدہ صلاحیتوں کو سامنے لاکر نکھارنا ہوتا ہے اور انہیں صحتمندانہ ہم نصابی سرگرمیوں میں شرکت کے لئے آمادہ کرنا ہوتا ہے۔ ہر طالب علم کو ہفتہ میں ایک ٹیوٹوریل پیریڈ دیا گیا ہوتا ہے جس میں اس کی حاضری لازمی ہوتی ہے۔ غیر حاضری کی صورت میں خصوصی جرمانہ کیا جاتا ہے۔

## وظیفہ جات وانعامات:

مالی طور پر مشکلات میں مبتلا طلباء وظیفہ جات کے لئے درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔ جو کہ گورنمنٹ/ یونیورسٹی یا لوکل باڈیز کی طرف سے دستیاب ہوتے ہیں مستحق اور اچھے تعلیمی کیریئر کے حامل سٹوڈنٹس کالج کے ہلال احمر فنڈ سے یونیفارم اور کتابیں خریدنے کے لئے بھی مالی امداد حاصل کرسکتے ہیں علاوہ ازیں زکوۃ فنڈ سے بھی ضرورت مند مسلمان طلباء کو مالی امداد دی جاتی ہے۔ ذہین طلباء کو بورڈ یونیورسٹی امتحان میں اعلیٰ ترین پوزیشن حاصل کرنے پر انعامات بھی دیئے جاتے ہیں کیونکہ کسی بھی ادارے کے لئے ایسے طالب علم باعث فخر ہوتے ہیں۔

## لائبریری:

ایک زرخیز لائبریری کسی بھی کالج کا اثاثہ ہوتی ہے۔ کالج ہذا کے پاس بھی ایک وسیع مین لائبریری ہے۔ جس میں پینتیس ہزار سے زائد معیاری کتب موجود ہیں۔ طلباء کی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے ہر سال نئی کتابوں کا اضافہ کیا جاتا ہے اور انہیں حالات حاضرہ سے باخبر رکھنے کے لئے تمام اہم قومی اخبارات روزانہ دستیاب ہوتے ہیں۔ کالج میں لائبریری کے نظام کو کمپیوٹرائزڈ کر دیا گیا ہے۔ طلباء اور اساتذہ کی سہولت کے لئے لائبریری کے اوقات کار کچھ اس طرح طے کئے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ بک بنک بھی قائم کیا گیا ہے۔ کامرس بلاک میں بی ایس کلاسز کے لئے علیحدہ لائبریری قائم کی گئی ہے تاکہ بی ایس کلاسز کے سٹوڈنٹس وہاں بیٹھ کر بھی مطالعہ کرسکیں۔

## لائبریری سے متعلقہ قواعد وضوابط:

کالج میں داخلہ ہونے کے فوراً بعد ہی طلباء کو لائبریری کارڈ جاری کر دیئے جاتے ہیں۔ لائبریری کارڈ گم ہونے کی صورت میں طالب علم کے لئے لازم ہے کہ وہ فوری طور پر اس کی اطلاع لائبریرین کو دے۔ بصورت دیگر اس کارڈ پر جاری ہونے والی تمام کتب متعلقہ طالب علم کے ذمہ شمار ہونگی۔ نئے کارڈ کے حصول کے لئے لائبریرین کو درخواست دی جائے گی۔ کتب یا کتاب حاصل کرنے کیلئے طالب علم کو کالج کا شناختی کارڈ دکھانا لازمی ہوگا ورنہ اس کی درخواست پر عمل نہیں کیا جائے گا۔ کسی ایک طالب علم کو جاری کردہ کتاب کو کسی دوسرے طالب علم کے نام منتقل نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ وہ لائبریری کو واپس نہ مل جائے۔ کالج فیکلٹی ممبران ایک ماہ میں تین کتب جبکہ طلباء صرف ایک کتاب چودہ دن تک کے لئے جاری کرواسکتے ہیں۔ اس معیاد کے پورا ہونے کے بعد کتب کی واپسی یا دوبارہ جاری کروانا لازم ہے بصورت دیگر جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

درج ذیل اقسام کی کتب طلباء کو جاری نہیں کی جاتی۔

| | | |
|---|---|---|
| حوالہ کی کتب اور سوانح حیات | تازہ ترین میگزین | طالب علم کی لائبریری سیکیورٹی سے زیادہ مالیت کی کتب |

**نوٹ:۔ اگر کوئی طالب علم اپنے تعلیمی سیشن کی تکمیل پر کالج چھوڑنے کے بعد آنے والے دو تعلیمی سیشن تک کالج لائبریری سیکیورٹی کی واپسی کے لئے درخواست نہیں دے گا تو اس کی لائبریری سیکیورٹی مستقل طور پر Lapse ہوجاتی ہے جو کہ کسی بھی صورت میں واپس نہیں ہوگی۔**

# سہولیات

## کالج مسجد:

ذہنی اور ہم نصابی سرگرمیوں کی ترویج کے ساتھ ساتھ روحانی پہلوؤں کو بھی مدنظر رکھا گیا ہے۔ چونکہ مسجد ایک اسلامی معاشرے کی تمام مذہبی سرگرمیوں کا محور ہوتی ہے۔ اس لئے یہ مقدس کام بھی پہلے سے ہی سرانجام دے دیا گیا ہے۔ اور کالج میں ایک خوبصورت مسجد موجود ہے۔ جہاں کالج انتظامیہ کی طرف سے تعینات کردہ امام مسجد پانچ وقت کی نماز باقاعدگی سے پڑھاتے ہیں۔

## ڈسپنسری:

کالج میں طلباء کی سہولت کے لئے ایک ڈسپنسری بھی موجود ہے جسے ایک کوالیفائیڈ ڈسپنسر چلا رہے ہیں۔ معمولی قسم کے طبی مسائل کی صورت میں طلباء کو ادویات مفت مہیا کی جاتی ہیں۔ علاوہ ازیں طبی مشاورت کے لئے وزٹنگ میڈیکل آفیسر کی خدمات بھی حاصل کی جاسکتی ہیں۔

## Quality Enhacement Cell:

ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی ہدایات کی روشنی میں کالج میں جون 2021 Quality Enhancement Cell قائم کیا گیا ہے جو بی ایس کلاسز میں تعلیمی معیار کو مزید بہتر کرنے کے لئے اقدامات کرے گا۔ یہ آفس سکیم آف سٹڈی میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی کے بارے میں متعلقہ بی ایس کوآرڈینیٹر کو مطلع کرے گا۔ اور weekly lesson plans بھی بنائے گا تاکہ یونیورسٹی کے اکیڈمک کیلنڈر کے مطابق کالج کے سمسٹرز کو بروقت مکمل کیا جاسکے اس کے علاوہ academic evaluation بھی ہو سکے۔ یہ آفس Parents-Teachers Meetings کا بھی اہتمام کرے گا۔

## College Counseling Center:

ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے احکامات کی روشنی میں جون 2021ء سے کالج کونسلنگ سنٹر کا قیام بھی عمل میں لایا گیا ہے۔ جس کا مقصد سٹوڈنٹس کو ان کے کیریر کے بارے میں رہنمائی فراہم کرنا ہے۔ یہ سنٹر انڈسٹری اور دیگر اداروں کے ساتھ رابطے میں رہے گا تاکہ فارغ التحصیل ہونے والے سٹوڈنٹس کو مارکیٹ جاب کے بارے میں راہنمائی فراہم کی جاسکے۔

## کالج کینٹین:

طلباء کی سہولت کے لئے کالج میں ایک خوبصورت کینٹین بھی موجود ہے۔ جہاں کھانے پینے کی معیاری اشیاء مناسب قیمت پر دی جاتی ہیں۔ کالج انتظامیہ چیزوں کے معیار پر کبھی سمجھوتا نہیں کرتی۔

## جناح آڈیٹوریم:

کالج میں ایک خوبصورت کشادہ اور بہترین فرنیچر سے آراستہ چار سو سے زائد افراد کے بیٹھنے کی گنجائش رکھنے والا جناح آڈیٹوریم موجود ہے۔ جس میں جدید ترین ملٹی میڈیا اور جدید ساؤنڈ سسٹم کی سہولت بھی میسر ہے۔ اور جسے مختلف سیمینار، لیکچرز، قومی تہواروں ڈراموں اور مختلف علمی و ادبی مقابلہ جات کے انعقاد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

# کالج یونیفارم اور ڈریس کوڈ:

کالج یونیفارم یا ڈریس کوڈ کی پابندی کرنا ہر طالب علم کے لئے لازم ہے۔ کالج سیکیورٹی گارڈز بااختیار ہیں کہ وہ کسی بھی ایسے طالب علم کو کالج میں داخل ہونے سے روک سکتے ہیں جس کا یونیفارم کسی بھی لحاظ سے نامکمل ہو۔ علاوہ ازیں نگرانی پر مامور پراکٹیوریل بورڈ ممبران بھی طلبا کو وقتاً فوقتاً چیک کرتے ہیں اور خلاف ورزی کی صورت میں طلباء کو جرمانہ بھی کیا جاتا ہے۔

## برائے انٹرمیڈیٹ کلاسز

موسم گرما کے لئے یونیفارم: گرے پینٹ۔ بلیو لائننگ شرٹ۔ بلیو ٹائی۔ بلیک شوز۔ بلیک جرابیں

موسم سرما کے لئے یونیفارم: نیوی بلیو سویٹر/ جرسی/کوٹ۔ گرے پینٹ۔ بلیو لائننگ شرٹ۔ بلیو ٹائی۔ بلیک شوز۔ بلیک جرابیں

## برائے بی ایس کلاسز

موسم گرما کے لئے یونیفارم:

برائے طلباء: گرے پینٹ۔ بلیو لائننگ شرٹ۔ گرے ٹائی۔ بلیک شوز۔ بلیک جرابیں

برائے طالبات: سفید شلوار قمیض کے ساتھ دوپٹہ۔ بلیک شوز۔ بلیک جرابیں۔ بلیک گاؤن

تمام طالبات کے لئے بلیک گاؤن پہننا لازمی ہے۔

موسم سرما کے لئے یونیفارم:

برائے طلباء: نیوی بلیو سویٹر/ جرسی/کوٹ۔ گرے پینٹ۔ بلیو لائننگ شرٹ۔ گرے ٹائی۔ بلیک شوز۔ بلیک جرابیں

برائے طالبات: نیوی بلیو سویٹر/ بلیزر/کوٹ۔ سفید شلوار قمیض کے ساتھ دوپٹہ۔ بلیک شوز۔ بلیک جرابیں۔ بلیک گاؤن

تمام طلباء وطالبات کے لئے لازمی ہے کہ یونیفارم مکمل اور صاف ستھرا ہونا چاہیے سلیپر یا چپل وغیرہ پہن کر آنے کی اجازت ہرگز نہ ہے۔ کالج ڈریس کوڈ کی خلاف ورزی کی صورت میں طلباء وطالبات کو نہ صرف جرمانہ عائد کیا جائے گا بلکہ ان کے خلاف انضباطی کاروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ پراکٹوریل بورڈ اور فیکلٹی ممبران ڈریس کوڈ کی پابندی کروانے کے لئے پوری طرح بااختیار ہیں۔

# سپورٹس اور ہم نصابی سرگرمیاں:

**سپورٹس:** سپورٹس اور اتھلیٹکس میں شرکت کرنے کے لئے کالج انتظامیہ طلباء کی بھرپور حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ آؤٹ ڈور سپورٹس جن میں والی بال، ہینڈ بال، فٹبال، کرکٹ اور ہاکی شامل ہیں۔ کالج میں ہی منعقد کی جاتی ہیں۔ جس کے لئے کھیل کے میدان میدان موجود ہیں۔ کالج سپورٹس بورڈ سالانہ کھیلوں کا انعقاد کرتا ہے۔ طلباء و طالبات کی نہ صرف اس میں شرکت کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے بلکہ انہیں بورڈ/ یونیورسٹی کے سالانہ سپورٹس مقابلہ جات کے لئے بھی تیار کیا جاتا ہے۔ گذشتہ تعلیمی سالوں میں کالج میں مختلف کھیلوں میں متعدد نمایاں پوزیشنز حاصل کی ہیں۔

**ہم نصابی سرگرمیاں:** کالج میں مختلف ادبی سوسائیٹیز بھی قائم کی گئی ہیں۔ جن کے ذمے سٹوڈنٹس کی شخصیت کو نکھارنا ہے۔ سٹوڈنٹس ان سوسائیٹیز کا حصہ بن کر کالج کے علاوہ بورڈ/ یونیورسٹی کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے علمی و ادبی مقابلہ جات میں شرکت کر سکتے ہیں۔ علاوہ ازیں طلباء کو ضلع بھر کے دوسرے کالجز میں منعقد ہونے والے پروگرامز میں بھی شرکت کا موقع فراہم کیا جاتا ہے۔ ہر بی ایس ڈسپلن کی سوسائیٹیز بھی قائم کی جاتی ہیں۔

**ادبی مجلّہ ''دانش'':** کالج ہذا کا ادبی مجلّہ ''دانش'' ہر تعلیمی سال میں ایک بار شائع ہوتا ہے۔ اس کا مقصد کالج میں ہونے والی علمی و ادبی سرگرمیاں اور سٹوڈنٹس سٹاف اور کالج سے منسلک نمایاں شخصیات کے کارناموں کا خلاصہ پیش کرنے کے ساتھ ساتھ سٹوڈنٹس اور اساتذہ کے دلچسپ آرٹیکلز کو منظر عام پر لانا ہوتا ہے۔ اس سلسلہ میں سٹوڈنٹس کے اندر چھپے ہوئے ادبی ذوق کو پروان چڑھانے کیلئے مختلف مقابلہ جات بھی وقتاً فوقتاً منعقد کروائے جاتے ہیں۔

## اساتذہ، طلباء اور والدین کے باہمی تعاون کی کمیٹی:

اساتذہ کے ساتھ ساتھ والدین کا بھی طالب علم کی تعلیم و تربیت میں اہم کردار ہوتا ہے۔ کالج کے اندر موافق تعلیمی ماحول کو پروان چڑھانے کے لئے والدین کے کردار اور شراکت کو یقینی بنانے کے لئے یہ کمیٹی ہر وقت اپنے فرائض سر انجام دینے کیلئے تیار رہتی ہے۔ اور اپنے مقصد کے حصول کے لئے مختلف پروگرامز، سیمینارز اور سٹوڈنٹس کے والدین اور اساتذہ کی میٹنگز منعقد کرواتی ہیں۔

**انسداد ڈینگی مہم:** وزیر اعلیٰ پنجاب کی انسداد ڈینگی مہم کا حصہ بن کر کالج طلباء اور اساتذہ کو ڈینگی سے درپیش خطرات کے بارے میں آگہی اور احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے لئے معلومات فراہم کرنا۔ کالج میں دی جانے والی تعلیم کا بنیادی حصہ ہے۔ کالج میں نہ صرف اینٹی ڈینگی ڈیسک قائم ہے بلکہ روزانہ کے ٹائم ٹیبل میں بھی ایک زیرو پیریڈ شامل ہے جس میں سٹوڈنٹس کو ڈینگی کے علاوہ مختلف خطرات سے نمٹنے کی تعلیم و تربیت دی جاتی ہے

**کرونا وائرس سے بچاؤ:** گذشتہ سال سے دنیا کرونا وائرس سے بری طرح متاثر ہوئی ہے۔ اسی طرح ہمارے پیارے ملک پر بھی اس کے اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ لیکن حکومت کی بروقت اور جامع حکمت عملی کی وجہ سے کرونا وائرس کے پھیلاؤ کو کنٹرول کیا گیا ہے۔ لہذا تمام سٹوڈنٹس ماسک کا استعمال کریں گے اور کلاس رومز میں سماجی فاصلہ رکھیں گے۔ ایک دوسرے سے ہاتھ ملانے سے گریز کریں گے اور sanitizer کا استعمال کریں گے۔ سٹوڈنٹس کو کالج ڈسپنسری سے نہ صرف ضروری ادویات بلکہ ماسک بھی فری دیا جاتا ہے۔